# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 16 August-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۶/اگست ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۱۰-۹:۰۰

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ پردھان منتری وِکست بھارت روزگار اسکیم کا وزیرِ اعظم کی جانب سے اعلان؛ ملک بھر میں 79 ویں یومِ آزادی کی تقاریب کا انعقاد۔

☆ جی ایس ٹی میں 12 اور 28 فی صد کا درجہ ختم کرنے کی وزارتِ خزانہ کی تجویز۔

☆ طلباء کی تخلیقی صلاحیتوں کو فروغ دینے کیلئے مختلف اقدامات نصاب میں شامل کیے جائیں گے: اسکولی تعلیم کے وزیر دادا بھوسے کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ بھر میں بارشوں کا سلسلہ جاری؛ لاتور ضلع میں مانجرا، نمن تیرنا اور تاورجا منصوبوں کے ذخیرۂ آب میں اضافہ۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعظم نریندر مودی نے ملک کی 79 ویں یومِ آزادی کے موقع پر ''پردھان منتری وِکست بھارت روزگار یوجنا'' شروع کرنے کا اہم اعلان کیا ہے۔ کل نئی دہلی میں لال قلعے کی فصیل پر ان کے ہاتھوں پرچم کشائی کی تقریب عمل میں آئی۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں نریندر مودی نے کہا کہ تقریباً ایک لاکھ کروڑ روپئے پر مشتمل یہ اسکیم ملک بھر میں آج سے لاگو ہوگی۔ اس اسکیم کے تحت خانگی شعبے میں پہلی بار ملازمت حاصل کرنے والوں کو حکومت کی جانب سے 15 ہزار روپئے دیئے جائیں گے۔ انہوں نے کہا

**Byte: Prime Minister Narendra Modi**

اپنے خطاب میں وزیرِ اعظم نے کہا کہ اشیاء و خدمات ٹیکس جی ایس ٹی نظام میں آئندہ دیوالی پر اصلاحات کی جائیں گی۔ اس کے علاوہ انہوں نے آپریشن سندور سمیت مختلف موضوعات کا بھی ذکر کیا۔ ملک کی حفاظت کو مزید مستحکم بنانے کیلئے ''سدرشن چکر'' نظام متعارف کرنے کا بھی انہوں نے اعلان کیا۔

***** ***** *****

ممبئی میں یومِ آزادی کی تقریب میں وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے قومی پرچم لہرایا۔ اس موقع پر انہوں نے وزیرِ اعظم کی جانب سے دیسی مصنوعات کو ترجیح دینے کی تلقین کی سمت توجہ مبذول کروائی۔ انھوں نے کہا کہ وِکست بھارت کے عزم میں ترقی یافتہ مہاراشٹر کی حیثیت سے ریاست اپنا بھرپور حصہ ادا کر رہی ہے۔ پھڑنویس نے کہا کہ ملک میں جو راست غیر ملکی سرمایہ کاری آرہی ہے اس میں سے تقریباً 40 فی صد سرمایہ کاری تنہا مہاراشٹر میں ہو رہی ہے۔ جس کے باعث بڑے پیمانے پر روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے۔ مصنوعات کی پیداوار، اشیاء کی برآمدات اور اسٹارٹ اپ کے معاملے میں مہاراشٹر ملک میں سرفہرست ہے۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ کے تمام اضلاع میں متعلقہ رابطہ وزراء کے ہاتھوں مرکزی تقاریب میں پرچم کشائی عمل میں آئی۔ بیڑ میں رابطہ وزیر اور نائب وزیر اعلیٰ اجیت پوار نے ترنگا لہرایا۔ اس موقع پر اپنے خطاب میں انہوں نے بیڑ کو ترقی یافتہ بنانے کے عزم کرنے کی ترغیب دی۔ انہوں نے کہا کہ عوام کے تعاون سے وہ بیڑ ضلع کا چہرہ تبدیل کرنے جارہے ہیں۔ بیڑ میں مختلف ترقیاتی کاموں کا آغاز کیا گیا ہے۔ ضلع کے نوجوانوں کیلئے فنی صلاحیتوں میں فروغ کی غرض سے بھی پروجیکٹ شروع کیے گئے ہیں۔ اس کے علاوہ بیڑ۔ پرلی ریلوے کی راہ میں موجود روکاوٹیں دو ماہ میں دور کرلی جائیں گی اور عنقریب اس راستے پر ریل گاڑیاں چلیں گی۔

***** ***** *****

جالنہ میں رابطہ وزیر پنکجہ منڈے کے ہاتھوں، پربھنی میں رابطہ وزیر ساکورے بورڈیکر کے ہاتھوں اور ہنگولی میں رابطہ وزیر نرہری جھرواڑ کے ہاتھوں پرچم کشائی عمل میں آئی۔ ناندیڑ میں رابطہ وزیر اتول ساوے، دھاراشیو میں رابطہ وزیر پرتاپ سرنائیک اور لاتور میں رابطہ وزیر شیوندرراجے بھوسلے نے یوم آزادی کی مرکزی تقریب میں قومی پرچم لہرایا۔

چھترپتی سمبھاجی نگر میں رابطہ وزیر اور سماجی انصاف کے وزیر سنجے شرساٹھ کے ہاتھوں پرچم کشائی کی گئی۔ اس موقع پر وزیر موصوف نے کہا کہ ضلع میں مختلف بڑی کمپنیوں کے پروجیکٹ لگائے جارہے ہیں۔ جس میں جے ایس ڈبلیو، ٹویوٹا۔ کرلوسکر اور دیگر کمپنیاں دو ہزار 25 ہیکٹر رقبے پر اپنی کمپنیاں بنارہی ہیں۔ ضلع کا دیرینہ پانی کا مسئلہ حل کرنے کیلئے میونسپل کارپوریشن اور ایم جے پی کے ذریعے مشترکہ طور پر ایک پروجیکٹ شروع کیا جارہا ہے اور اسی ماہ کی 19 تاریخ کو وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کے ہاتھوں تقریباً 26 ایم ایل ڈی پانی کا منصوبہ فعال ہوجائے گا' جس سے ضلع میں پانی کی جو قلّت تھی وہ یقیناً دور ہوجائے گی۔

تمام ضلعی ہیڈ کوارٹرس پر منعقدہ تقاریبِ پرچم کشائی کے بعد سروسیز میڈلز اور تمغۂ صدارت تقسیم کیے گئے اور باصلاحیت طلبہ کا استقبال کیا گیا۔

***** ***** *****

ممبئی عدالتِ عالیہ کی اورنگ آباد بینچ میں انتظامی جج منیش پتڑے کے ہاتھوں پرچم کشائی عمل میں آئی۔ ڈاکٹر بابا صاحب امبیڈکر مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں وائس چانسلر ڈاکٹر وجئے پھلاری کے ہاتھوں' سوامی رامانند تیرتھ مراٹھواڑہ یونیورسٹی میں وائس چانسلر ڈاکٹر منوہر چاسکر اور پربھنی کی وسنت راؤ نائیک مراٹھواڑہ زرعی یونیورسٹی میں وائس چانسلر ڈاکٹر اِندرمنی مشرا کے ہاتھوں پرچم کشائی کی گئی۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

اشیاء وخدمات ٹیکس (جی ایس ٹی) کے دائرے میں آنے والی تمام اشیاء پر صرف پانچ فیصد اور 18 فیصد کی دو شرحیں مقرر کرنے کی تجویز وزارتِ خزانہ نے جی ایس ٹی کونسل کو ارسال کی ہے۔ نئی تجویز کے مطابق زرعی اشیاء' صحت سے متعلق اشیاء' دستکاری مصنوعات اور انشورنس پر پانچ فیصد جی ایس ٹی عائد ہوگا' جبکہ دیگر اشیاء 18 فیصد کے زمرے میں آئیں گی۔ تاہم سگریٹ وتمباکو، میٹھے مشروبات اور پان مصالحہ جیسی مضرِ صحت اشیاء پر پہلے کی طرح زیادہ جی ایس ٹی ہی لاگو رہے گا۔

***** ***** *****

شری کرشن جنم آشٹمی کل مذہبی عقیدت کے ساتھ منائی گئی۔ مختلف مقامات پر واقع کرشن مندروں اور گھروں میں شب بارہ بجے کرشن جنم اُتسو منایا گیا۔ آج دہی ہنڈی کا تہوار منایا جائے گا۔

چھترپتی سمبھا جی نگر شہر میں اس سلسلے میں ٹریفک نظام میں ردّ و بدل کیا گیا ہے۔شہر میں گلمنڈی کرانتی چوک، کیناٹ پیلس، کوکن واڑی اور گجانن مندر کے راستوں پر دوپہر کے بعد ٹریفک بند رکھا جائے گا۔

***** ***** *****

تلجا بھوانی مندر کے ترقیاتی منصوبے کے دوران بے گھر ہونے والے پجاریوں کیلئے جگہ مختص کرنے کے سلسلے میں دھاراشیو ضلع کے رابطہ وزیر پرتاپ سرنائیک نے کل ایک جائزہ اجلاس منعقد کیا۔انھوں نے یقین دہانی کروائی کہ اس منصوبے سے کسی کے ساتھ بھی ناانصافی نہیں کی جائیگی بلکہ اس سے روزگار کے مواقع پیدا ہوں گے اور سیاحت وتجارت میں اضافہ ہوگا، نیز سہولیات کا معیار بلند ہوگا۔

***** ***** *****

اسکولی تعلیم کے ریاستی وزیر دادا بھوسے نے کہا ہے کہ اسکولی تعلیم میں نئے منصوبے شامل کیے جارہے ہیں، جن سے طلبہ کی تخلیقی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا۔ دادا بھوسے نے کل چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع کلکٹر دفتر کا اچانک دورہ کیا اور ضلع انتظامیہ کی جانب سے نافذ کیے جانے والے دس نکاتی پروگرام کے بارے میں معلومات حاصل کیں۔ انھوں نے اپنے اس یقین کا اظہار کیا کہ اسکولوں کی جدید کاری ایک عوامی تحریک ہوگی جو اسکولوں کی تصویر بدل دے گی۔

***** ***** *****

سوروزہ دفتری اصلاحات پروگرام کے تحت ضلع کے سبھی تعلقہ جات میں بہترین کارکردگی پر چھترپتی سمبھا جی نگر پنچایت سمیتی کو دوسرا انعام دیا گیا ہے۔ بلاک ڈیولپمنٹ افسر مینا راؤ تاڑے اور بلاک ڈیولپمنٹ افسر شیوا جی سالونکے کو وزیرِ اعلیٰ کے دستخط شدہ توصیف نامے رابطہ وزیر سنجئے شرساٹ کے ہاتھوں پیش کیے گئے۔

***** ***** *****

مراٹھواڑہ کے مختلف مقامات پر بارشوں کا سلسلہ جاری ہے۔ چھترپتی سمبھا جی نگر شہر سمیت ضلع کل زوردار بارش ہوئی۔ ضلع کے پلسی، آڑگاؤں، اَنجن روڈ اور لِندھاری دیہاتوں میں بادل پھٹنے جیسی بارش کے باعث زرعی فصلوں کو نقصان پہنچا ہے۔ حکومت سے فی الفور نقصانات کے پنچنامے کرکے نقصان بھرپائی دینے کا مطالبہ کیا جارہا ہے۔ ضلع کے شیوناٹاکلی پشتے میں پانی کی سطح 89 فیصد سے تجاوز کرگئی ہے۔

جالنہ شہر سمیت ضلع بھر میں بارش کا سلسلہ جاری ہے اور ندی نالوں میں سیلابی کیفیت پیدا ہونے کی خبر ہمارے نمائندے نے دی ہے۔

لاتور ضلع میں جاری مسلسل بارشوں کے سبب آبی پشتوں میں پانی کی آمد میں اضافہ ہوگیا ہے۔ مانجرا پشتے میں آبی ذخیرہ 79فیصد، نمن تیرنا پشتے میں 88 فیصد، جبکہ اوسا تعلقے کے تاورجا پشتے میں 73 فیصد پانی کا ذخیرہ ہوچکا ہے اور ان آبی ذخائر سے پانی کے اخراج کے پیشِ نظر ندی کے کنارے آباد بستیوں اور دیہاتوں کے ساکنان کو خبردار رہنے کی ہدایات جاری کی گئی ہیں۔

گذشتہ روز ہوئی موسلا دھار بارش کے سبب کھیتوں میں پانی دَر آیا۔ رکنِ اسمبلی امیت دیشمکھ نے متاثرہ مقامات کا دورہ کرکے انتظامیہ کو اس سلسلے میں مناسب اقدامات کرنے کی ہدایات دی ہیں۔

ناندیڑ ضلع کے 27 محصول ڈویژنوں میں بھی بھاری بارش درج کی گئی ہے۔ وشنوپوری آبی پشتے کے کیچمنٹ علاقوں میں مسلسل بارش کے بعد اس منصوبے کے دو دروازے کھول کر پانی چھوڑا جارہا ہے۔

***** ***** *****

محکمۂ موسمیات کے مطابق رواں ہفتے کوکن کے بیشتر مقامات پر بارش کا سلسلہ جاری رہے گا' جبکہ چند مقامات پر موسلا دھار بارش کا امکان ہے۔ ساحلی مقامات پر زوردار ہوائیں چلنے کی پیش گوئی بھی محکمۂ موسمیات نے کی ہے۔ اسی دوران وسطی مہاراشٹر' مراٹھواڑہ اور ودربھ کے کچھ حصوں میں بھی بارش ہونے کا امکان ظاہر کیا گیا ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ پردھان منتری وِکسِت بھارت روزگار اسکیم کا وزیرِ اعظم کی جانب سے اعلان؛ ملک بھر میں 79 ویں یوم آزادی کی تقاریب کا انعقاد۔

☆ جی ایس ٹی میں 12 اور 28 فی صد کا درجہ ختم کرنے کی وزارتِ خزانہ کی تجویز۔

☆ طلباء کی تخلیقی صلاحیتوں کو فروغ دینے کیلئے مختلف اقدامات نصاب میں شامل کیے جائیں گے: اسکولی تعلیم کے وزیر دادا بھوسے کا اعلان۔

اور۔۔۔☆ مراٹھواڑہ بھر میں بارشوں کا سلسلہ جاری؛ لاتور ضلع میں مانجرا۔ نمن تیرنا اور تاوَرجا۔ منصوبوں کے ذخیرۂ آب میں اضافہ۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل' پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****